Directorate of Education, GNCT of Delhi

Sample Question Paper(Mid Term)

Session: 2026-27

Class X

Subject Urdu Course A(003)

**Time: 3 Hrs.** **M.M.:80**

**عام ہدایات:**

- یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے، جس میں کل 18 سوالات شامل ہیں۔
- حصہ (الف) 20 نمبر کا ہے، جو **عبارت فہمی اور شعر فہمی** پر مبنی ہے۔
- حصہ (ب) 25 نمبر کا ہے، جو **تحریری مہارت** پر مبنی ہے۔
- حصہ (ج) 20 نمبر کا ہے، جو **عملی قواعد** پر مبنی ہے۔
- حصہ (د) 15 نمبر کا ہے، جو **ادب** پر مبنی ہے۔
- تمام سوالات کے جوابات دی گئی ہدایات کے مطابق لکھیے۔

## حصّہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

سروپلی رادھاکرشنن ایک تیلگو برہمن خاندان میں مدراس پریسی ڈینسی میں واقع تھیروتانی کے قریب ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ یہ گاؤں ریاست آندھرا پردیش اور تمل ناڈو کی سرحد پر واقع ہے۔ ان کے والد کا نام سروپلی ویراسوامی اور ماں کا نام سیتاما تھا۔ ان کی ابتدائی زندگی تروتنی اور تروپتی میں گزری۔ ان کے والد زمیندار کے یہاں مالیات کے نائب افسر تھے۔ ان کی ابتدائی تعلیم تروتانی کے بورڈ ہائی اسکول میں ہوئی۔ 1896 میں رادھاکرشنن تروپتی کے مشن اسکول میں منتقل ہوئے۔ جب وہ صدر جمہوریہ ہوئے تو ان کے کچھ شاگردوں اور دوستوں نے ان سے درخواست کی کہ انہیں ان کی یوم پیدائش منانے کی اجازت دی جائے۔ تو انہوں نے جواباً کہا ''میری یوم پیدائش منانے کے بجائے اگر 5 ستمبر کو یوم اساتذہ منایا جائے تو مجھے زیادہ فخر ہوگا۔'' 1909 میں ان کا تقرر مدراس پرزیڈینسی کالج کے شعبہ فلسفہ میں ہوا۔ 1918 میں یونیورسٹی آف میسور میں وہ پروفیسر ہو گئے جہاں وہ مہاراجا کالج میسور میں پڑھانے لگے۔ وہ ایسی تنظیموں کے خلاف تھے جو مذہب کے نام بنیں اور سماج میں نفرت پھیلائیں کیونکہ ان کے نزدیک ایسی تنظیموں کی تشکیل کرنا سیکولرزم کی روح کو مجروح کرنا ہے۔

i۔ سروپلی رادھاکرشنن کس خاندان میں پیدا ہوئے؟

a. راجپوت خاندان

b. بنگالی خاندان

c. تیلگو برہمن خاندان

d. سکھ خاندان

ii یومِ اساتذہ کب منایا جاتا ہے؟

a. 15 اگست کو

b. 2 اکتوبر کو

c. 26 جنوری کو

d. 5 ستمبر کو

iii سروپلی رادھاکرشنن کے کچھ شاگردوں اور دوستوں نے ان سے کیا منانے کی درخواست کی؟

iv۔ 1909 میں رادھاکرشنن کا تقرر کس شعبے میں ہوا؟

v ۔ رادھاکرشنن نے اپنی یومِ پیدائش کے بارے میں کیا خواہش ظاہر کی؟

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

افق کے دریچے سے کرنوں نے جھانکا
فضا تن گئی راستے مسکرائے
سمٹنے لگی نرم کہرے کی چادر
جواں شاخساروں نے گھونگھٹ اٹھائے
پرندوں کی آواز سے کھیت چونکے
پراسرار لے میں رہٹ گنگنائے
حسیں شبنم آلود پگڈنڈیوں سے
لپٹنے لگے سبز پیڑوں کے سائے
وہ دور ایک ٹیلے پہ آنچل سا جھلکا
تصور میں لاکھوں دیے جھلملائے

i۔ i۔ کرنوں نے کہاں سے جھانکا؟

a۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں سے

b ۔ افق کے دریچے سے

c ۔ شہر سے دور جنگل سے

d۔ آسمان پر چھائے بادلوں سے

ii ۔ کھیت کس چیز کی آواز سے چونکے ؟

a۔ تیز ہوا کی

b۔ پرندوں کی

c۔ جھرنے کے پانی کی

d۔ اسکول کی گھنٹی کی

iii۔ لاکھوں دیے کس میں جھلملائے ؟

iv۔ پگڈنڈیوں کی کیا کیفیت بیان کی گئی ہے ؟

v۔ کرنوں کے جھانکنے پر فضااور راستوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

**سوال نمبر 3۔ مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5**

سر سید کو مسماۃ ماں بی بی نے جو ایک قدیم خیر خواہ خادمہ ان کے گھرانے کی تھی ، پالا تھا۔ اس لیے ان کو ماں بی بی سے نہایت محبت تھی ۔ وہ پانچ برس کے تھے جب ماں بی بی کا انتقال ہوا۔ ان کا بیان ہے کہ ’’ مجھے خوب یاد ہے ماں بی بی مرنے سے چند گھنٹے پہلے فالسے کا شربت مجھ کو پلا رہی تھی ۔ جب وہ مرگئی تو مجھے اس کے مرنے کا نہایت رنج ہوا۔ میری والدہ نے مجھے سمجھایا کہ وہ خدا کے پاس گئی ہے ۔ بہت اچھے مکان میں رہتی ہے ۔ بہت سے نوکر چاکر اس کی خدمت کرتے ہیں اور اس کی بہت آرام سے گزرتی ہے تم کچھ رنج مت کرو۔ مجھ کو ان کے کہنے سے پورا یقین تھا کہ فی الواقع ایسا ہی ہے ۔ مدت تک ہر جمعرات کو اس کی فاتحہ ہوا کرتی تھی اور کسی محتاج کو کھانا دیا جاتا تھا۔ مجھے یقین تھا کہ یہ کھانا ماں بی بی کے پاس پہنچ جاتا ہے ۔ اس نے مرتے وقت کہا کہ میرا تمام زیور سید کا ہے، مگر میری والدہ اس کو خیرات میں دینا چاہتی تھیں ۔ ایک دن انھوں نے مجھ سے پوچھا کہ اگر تم کہو تو یہ گہنا ماں بی بی کے پاس بھیج دوں ، میں نے کہا ہاں بھیج دو ۔ والدہ نے وہ سب گہنا مختلف طرح سے خیرات میں دے دیا۔

i۔ درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

a. نیا قانون

b. عورتوں کے حقوق

c. سر سید کا بچپن

d. بھولا

ii۔ ماں بی بی کے انتقال کے قت سر سید کی عمر کتنی تھی؟

a. دس سال

b. پانچھ سال

c. چار سال

d. چھ سال

iii۔ فی الواقع کے معنی بتایئے؟

iv۔ سر سید کو کس نے پالا تھا؟

v۔ والدہ نے سب گہنے کہاں دے دیے؟

سوال نمبر 4۔ مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1 =5

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے

موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے، ویرانے بھی دیکھے ہیں

جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

جان سی شے بک جاتی ہے، ایک نظر کے بدلے میں

آگے مرضی گاہک کی، ان داموں تو سستی ہے

جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا

جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے

آنسو تھے سو خشک ہوئے، جی ہے کہ امڈ آتا ہے

i۔ درج بالا شعری حصّہ کا تعلق شاعری کی کس صنف سے ہے؟

a. نظم

b. غزل

c. مثنوی

d. رباعی

ii۔ ہستی کے معنی بتایئے؟

a. وجود

b. آسان

c. ہجوم

d. ہنگامہ

iii۔ دل کی بے قراری کی کیا وجہ ہے؟

iv۔ شاعر کی مطابق آبادی میں بھی ویرانے کیوں دکھائی دیتے ہیں؟

v۔ آنسو تھے سو خشک ہوئے، جی ہے کہ امڈ آتا ہے، میں شاعر کی کیا کیفیت ظاہر ہوتی ہے؟

## حصّہ (ب) تحریری مہارت

سوال نمبر-5 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

a. قومی اتحاد ملک کی ضرورت

b. بے روزگاری

c. گلوبل وارمنگ 4

سوال نمبر-6 آپ کا نام شاداب احمد / رجنی ہے۔ آپ گورنمنٹ ماڈل اسکول، بھوپال میں دسویں جماعت میں زیر تعلیم ہیں۔ آپ کی دادی شدید علیل ہیں اور ان کی عیادت کے لیے آپ کو اپنے آبائی وطن جانا ہے۔ اس سلسلے میں اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام دو دن کی رخصت کی درخواست لکھیے۔

یا

آپ کا نام عائشہ / سمیر ہے۔ آپ مکان نمبر 12، گلبرگ کالونی، دہلی میں رہائش پذیر ہیں۔ اپنے بڑے بھائی کو خط لکھ کر عید کی مبارک باد دیجیے اور عید کی تعطیلات میں گھر آنے کی دعوت دیجیے۔ آپ کے بھائی مکان نمبر 45، شاستری نگر، گجرات میں رہتے ہیں۔

سوال نمبر-7 ’عورتوں کے حقوق‘ کا خلاصہ لکھیے۔ 4

یا

سعادت حسن منٹو کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر-8 نظم حقیقت حسن‘ کا خلاصہ لکھیے۔ 3

یا

اکبر الہ آبادی کی شخصیت اور خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر-9 کرشن چندر کے افسانہ ’دو فرلانگ لمبی سڑک ‘ کا خلاصہ لکھیے۔

4

یا

پریم چند کی افسانہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

## حصّہ (ج) عملی قواعد

سوال نمبر-10 فعل سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3+1+1=5

i۔ درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور ان کے سامنے فعل کی قسم (فعلِ لازم، فعلِ ناقص، فعلِ مرکب اور فعلِ معتدی) لکھیے۔

a. آج میں بہت خوش ہوں۔

b. ڈاکٹر مریض کو دیکھ رہا ہے۔

c. آپ کے جملے نے سب کو ہنسا دیا۔

ii۔ عامر نے ضرورت مند کو کمبل تقسیم کیے ‘ اس جملہ میں کون سا فعل ہے؟

a. فعل مجہول

b. فعل لازم

c. فعل معروف

d. فعل ناقص

iii۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

a. فعل ناقص

b. فعل مجہول

c. فعل معروف

d. فعل مرکب

سوال نمبر 11 صنائع بدائع سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3+1+1=5

i۔ درج ذیل شعر میں کون سی صنعت ہے؟ اس صنعت کی تعریف بھی لکھیے۔

اب جنوں میں فاصلہ شاید نہ کچھ رہے
دامن کے چاک اور گریباں کے چاک میں

ii۔ صبا کے دانت موتیوں کی طرح چمکتے ہیں۔ یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

a. تشبیہ

b. استعارہ

c. کنایہ

d. تلمیح

iii۔ وہ لفظ جو تشبیہ کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟

a. استعارہ

b. حرف تشبیہ

c. مشبہ

d. وجہ تشبیہ

سوال نمبر 12 محاورے اور کہاوت سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3+1+1=5

i۔ درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے تین کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

a. خون کھولنا

b. نام روشن کرنا

c. جان میں جان آنا

d. جیسی کرنی ویسی بھرنی

ii. "آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا " اس کہاوت کا کیا مطلب ہے؟

a. ایک مشکل سے نکل کر دوسری مشکل میں پھنس جانا

b. اچانک خوشی حاصل ہونا

c. کھجور کے درخت پر چڑھنا

d. سفر میں مشکل پیش آنا

iii. 'منھ بنانا ' سے کیا مراد ہے؟

a. خوشی ظاہر کرنا

b. ناراض ہونا

c. ہاتھ پھیلانا

d. تارے گننا

سوال نمبر 13 رموزِ اوقاف سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1+1=2

i۔ جملے میں دو باتوں کے درمیان تعلق ظاہر کرنے کے لئے کس علامت کا استعمال کیا جاتا ہے؟

ii۔ ختمہ کی علامت کی نشاندہی کیجیے۔

a. :

b. !

c. ۔

d. ،

سوال نمبر 14 شعری اصطلاحات سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2+1=3

i۔ غزل کا آخری شعر کیا کہلاتا ہے؟ اس کی مثال بھی لکھیے۔

ii۔ وہ الفاظ جو یکساں آواز اور یکساں حروف پر ختم ہوتے ہیں انھیں کیا کہتے ہیں؟

a. مصرع

b. قافیہ

c. ردیف

d. شعر

## حصّہ (د) ادب

سوال نمبر-15 درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ 2x2=4

i۔ منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟

ii۔ بھولا گیتا شوق سے کیوں سنتا تھا؟

iii۔ سبق مخلوط زبان میں اردو زبان کی کن خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

iv۔ مردوں کو عورتوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کرنا چاہیئے؟

سوال نمبر-16 درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ 2x2=4

i۔ نایاب ہیں ہم سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

ii۔ سر میں شوق کا سودا دیکھا سے کیا مراد ہے؟

iii۔ حسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟

iv۔ شاعر خالی ظرف کی صدا سے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟

سوال نمبر-17 درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ 2x2=4

i۔ مصنف کو یہ احساس کیوں کر ہوا کہ گیا اس سے جان بوجھ کر ہار رہا تھا؟

ii۔ ہٹے کٹے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہوئی؟

iii۔ بہو بیگم کے کردار کی خوبیاں بیان کیجیے؟

iv۔ نور خاں نے کمانڈنگ آفیسر کی رپورٹ کیوں کی اور اس کا کیا اثر ہوا؟

سوال نمبر-18 درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

سوانح     نظم     غزل